# 19-02-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) کو جمہوری بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسے خصوصاً گلوبل ساؤتھ کے لیے شمولیت اور بااختیاری کا ذریعہ بنایا جانا چاہیے۔

۲۔سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ مختلف ریاستوں کی جانب سے مفت سہولیات کی ثقافت ملک کی معاشی ترقی میں رکاوٹ بن رہی ہے۔

۳۔مرکزی وزیر برائے کوئلہ اور کانیں جی کشن ریڈی نے عالمی معیشت کی تشکیل میں اہم معدنیات کی بڑھتی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔

۴۔تلنگانہ کی سیاست میں ایک اہم تبدیلی کے تحت کویتا نے نئی سیاسی جماعت بنانے کا اعلان کیا ہے۔

اور

۵۔ ملک بھر میں ماہِ صیام کا جوش وخروش کے ساتھ آغاز۔ مساجد میں تراویح کا اہتمام۔ وزیراعظم نریندر مودی اور وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی مبارکباد۔

## PM-MODI

وزیراعظم نریندر مودی نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) کو جمہوری بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسے خصوصاً گلوبل ساؤتھ کے لیے شمولیت اور بااختیاری کا ذریعہ بنایا جانا چاہیے۔آج نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ 2026 کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا ایک ایسے دور میں داخل ہورہی ہے جہاں انسان اور ذہین نظام مل کر تخلیق،

کام اور ترقی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اے آئی کام کو زیادہ ذہین، موثر اور بامقصد بنائے گی۔ وزیرِ اعظم نے عالمی بھلائی کے لیے اے آئی کے مشترکہ عزم پر زور دیا اور کہا کہ اے آئی میں بھارت کو مواقع اور مستقبل کا خاکہ نظر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نہ صرف نئی ٹیکنالوجی تیار کرتا ہے بلکہ اسے تیزی سے اپناتا بھی ہے، اور یہ دنیا کے سب سے بڑے ٹیکنالوجی ہنرمندوں کا مرکز ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی دہلی میں اس سمٹ کا انعقاد بھارت اور گلوبل ساؤتھ کے لیے باعث فخر ہے۔ ان کے مطابق مصنوعی ذہانت انسانی تاریخ کا ایک انقلابی باب ہے جو انسانی صلاحیتوں میں کئی گنا اضافہ کر رہی ہے۔

SC

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ مختلف ریاستوں کی جانب سے مفت سہولیات کی ثقافت ملک کی معاشی ترقی میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ چیف جسٹس سوریا کانت، جسٹس جے مالیا باگچی اور جسٹس وی ایم پنچولی پر مشتمل بنچ نے کہا کہ بیشتر ریاستیں مالی خسارے کا شکار ہیں، اس کے باوجود ترقی کو نظرانداز کرتے ہوئے مفت سہولیات دی جا رہی ہیں۔ عدالتِ عظمیٰ تمل ناڈو پاور ڈسٹری بیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کی اُس درخواست پر سماعت کر رہی تھی جس میں تمام صارفین کو بلا لحاظ مالی حیثیت مفت بجلی فراہم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ عدالت نے مرکز اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سوال کیا کہ بجلی ٹیرف کے اعلان کے بعد اچانک ایسا فیصلہ کیوں لیا گیا۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر برائے کوئلہ اور کانیں جی کشن ریڈی نے عالمی معیشت کی تشکیل میں اہم معدنیات کی بڑھتی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ نئی دہلی میں انڈین کرٹیکل منرلز لینڈ اسکیپ کے دوسرے

ایڈیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اہم معدنیات شمسی توانائی، لیتھیم اور تانبے پر مبنی ٹیکنالوجیز جیسے ابھرتے شعبوں کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 41 نجی ایجنسیوں کو اہم معدنیات کی تلاش کے مینڈیٹ دیے گئے ہیں، جو ملک کی وسائل کی سلامتی کو مضبوط بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

KAVITHA

تلنگانہ کی سیاست میں ایک اہم تبدیلی کے تحت کویتا نے نئی سیاسی جماعت بنانے کا اعلان کیا ہے۔ جوبلی ہلز میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جماعت کا باضابطہ آغاز مئی کے پہلے ہفتے میں ہوگا اور پارٹی کے نام میں لازماً تلنگانہ شامل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وہ کسی بھی حلقے سے انتخاب لڑنے کے لیے تیار ہیں، تاہم ان کی پہلی ترجیح سدی پیٹ اور اس کے بعد بودھن ہے۔ کویتا نے دعویٰ کیا کہ ان کی جماعت ریاست میں اصل اپوزیشن کے طور پر ابھرے گی۔

PEDDAPALLI

پداپلی کے رکن پارلیمان گڈم وامسی کرشنا نے کپاس کے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ خریداری کے مسائل پر پریشان نہ ہوں۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کے چیرمین و منیجنگ ڈائرکٹر سے درخواست کی ہے کہ 20 فروری سے 15 مارچ تک خریداری کا عمل بلاتعطل جاری رکھا جائے۔ انہوں نے منچریال ضلع کے علاقے کوٹا پلی میں رجسٹریشن میں تاخیر کا مسئلہ بھی اٹھایا اور خصوصی توسیع کی درخواست کی۔ سی سی آئی حکام نے جلد مثبت فیصلہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

## JANGAON

جنگاؤں ضلع کے کلکٹر رضوان باشا شیخ نے ڈی سی پی راج مہندر نائک کے ہمراہ کلکٹریٹ کی عمارت میں کارپوریٹ سطح کے چائلڈ کیئر سنٹر کا افتتاح کیا۔انہوں نے خواتین ملازمین پر زور دیا کہ وہ اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔انہوں نے کہا کہ پانچ سال سے کم عمر بچوں کو اب دفتر لایا جاسکتا ہے اور متعلقہ محکمے کو صفائی اور بچوں کی دیکھ بھال یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

## KAMAREDDY

کاماریڈی ضلع کے جوکال کے رکن اسمبلی ٹی لکشمی کانتا راؤ نے کہا ہے کہ قوم کا مستقبل طلبہ پر منحصر ہے اور بچوں کی ضروریات پوری کرنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔انہوں نے ضلع پریشد ہائی اسکول، کاؤلاس گاؤں کے دورے کے دوران تعلیم اور بچوں کی بنیادی ضروریات پر حکومت کی ترجیح کو اجاگر کیا۔

## STATUES

تلنگانہ حکومت نے 33 انٹیگریٹڈ ڈسٹرکٹ آفس کمپلیکسز میں تلنگانہ تھلی کے مجسمے نصب کرنے کے لیے انتظامی منظوری جاری کر دی ہے۔اس منصوبے کے لیے 5 کروڑ 80 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں، جن میں 2025-26 کے بجٹ سے 2 کروڑ 50 لاکھ روپے اور اضافی 3 کروڑ 30 لاکھ روپے شامل ہیں۔ چیف انجینئر آر اینڈ بی بلڈنگز، حیدرآباد کو عمل درآمد کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت دی گئی ہے۔

## RAMCHANDER RAO

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے آج اس بات پر زور دیا کہ چھترپتی شیواجی

مہاراج صرف ایک مراٹھا سپاہی نہیں تھے بلکہ وہ پورے ہندوستان کا فخر تھے، جنہوں نے مغلوں کے خلاف ملک کی عزت و وقار کے تحفظ کے لیے جدوجہد کی۔ ریاستی دفتر میں چھترپتی شیواجی مہاراج کی یومِ پیدائش کی تقریب کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرنے کے بعد اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے رام چندر راؤ نے کہا کہ شیواجی مہاراج سے عقیدت کسی ایک مذہب یا ذات تک محدود نہیں ہے۔ ان کی انتظامی صلاحیت اور عوامی فلاح و بہبود کی اصلاحات پورے ملک کے لیے ایک مثالی نمونہ ہیں۔

Ramazan

کل ملک میں رمضان کا چاند نظر آنے کے بعد مسلمانوں نے جوش وخروش کے ساتھ رمضان کا استقبال کیا اور عبادتوں میں مصروف ہوگئے۔ کل شب سے ہی مساجد میں تراویح کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ مساجدوں میں روح پرور مناظر دیکھے گئے۔ حیدرآباد میں نماز تراویح کا سب سے بڑا اجتماع تاریخی مکہ مسجد میں دیکھا گیا جہاں ہزاروں فرزندان توحید نے نماز تراویح کا میں قرآن حکیم کے 3 پاروں کی سماعت کی۔ محکمہ اقلیتی بہبود کی جانب سے مکہ مسجد کے صحن میں خصوصی شیڈ نصب کیا گیا۔ وضو کیلئے پانی کی سربراہی کے خصوصی انتظامات کئے گئے۔ تاریخی مکہ مسجد کو برقی قمقموں سے سجایا گیا تھا۔ شہر کی دیگر مساجد میں بھی ہزاروں مصلیوں نے نماز تراویح ادا کی۔ آج جمعرات کو ملک بھر میں پہلا روزہ رکھا گیا۔ رمضان کی آمد پر وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے ایکس پیام میں مسلمانوں کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہینہ امن و بھائی چارے کا پیغام دیتا ہے۔ وزیراعلیٰ تلنگانہ اے ریونت ریڈی نے بھی ماہ رمضان کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

KTR

کے ٹی راما راؤ نے ریونت ریڈی کو ایک کھلا خط لکھا ہے، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ حکومت کی مدت کا تقریباً نصف حصہ مکمل ہونے کے باوجود کانگریس حکومت کے 95 فیصد وعدے تا حال پورے نہیں ہوئے ہیں۔ کے ٹی آر نے مطالبہ کیا کہ آئندہ بجٹ میں ان وعدوں کے لیے مناسب فنڈز مختص کیے جائیں اور خبردار کیا کہ تلنگانہ کے عوام مزید صبر نہیں کریں گے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ پچھلے دو بجٹ میں چھ ضمانتوں اور دیگر اعلانات کے لیے فنڈز مختص نہیں کیے گئے۔ انہوں نے زور دیا کہ خواتین، بزرگوں، طلبہ، نوجوانوں اور کسانوں کے لیے خاطر خواہ رقوم رکھی جائیں، ساتھ ہی بی سی، ایس سی، ایس ٹی اور اقلیتی برادریوں کے لیے بھی وعدے کے مطابق مخصوص فنڈز مختص کیے جائیں۔ آخر میں کے ٹی آر نے متنبہ کیا کہ اگر 2026-27 کے بجٹ میں کیے گئے وعدوں کے لیے مناسب فنڈز فراہم نہ کیے گئے تو بی آر ایس عوام کی جانب سے کانگریس حکومت کو جوابدہ ٹھہرائے گی۔

KHARGE:

آل انڈیا ریڈیو، حیدرآباد کے علاقائی خبرنامہ میں بتایا گیا ہے کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر ملکارجن کھڑگے اور سینئر رہنما راہل گاندھی نے تلنگانہ کانگریس کے اہم قائدین کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا، ریاستی انچارج میناکشی نٹراجن اور پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ بھی شریک تھے۔ تقریباً دو گھنٹے جاری رہنے والے اس اجلاس میں تلنگانہ کے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی بڑی کامیابی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے بعد کھڑگے نے کہا کہ کانگریس پارٹی عوامی امنگوں کو پورا کرنے کے لیے سماجی

بہبود اور معاشی بااختیاری کے اقدامات جاری رکھے گی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کانگریس حکومت عوام سے کیے گئے وعدوں اور ضمانتوں پر سرگرمی سے عمل درآمد کر رہی ہے۔

TGBIE:

تلنگانہ اسٹیٹ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن نے آئندہ انٹرمیڈیٹ امتحانات کے لیے ہال ٹکٹ جاری کر دیے ہیں۔ یہ امتحانات 25 فروری 2026 سے شروع ہوں گے۔ بورڈ کے حکام کے مطابق ریاست بھر میں تقریباً 9.9 لاکھ طلبہ ان امتحانات میں شرکت کریں گے۔ پہلے اور دوسرے سال کے طلبہ کے ہال ٹکٹ متعلقہ کالجوں کے آن لائن لاگ اِن کے ذریعے دستیاب کرائے گئے ہیں۔ طلبہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے کالج کے پرنسپل سے رابطہ کر کے ہال ٹکٹ حاصل کریں۔ اگر کسی قسم کی غلطی یا کوتاہی ہو تو فوراً پرنسپل کی توجہ میں لائیں تاکہ بورڈ کے ذریعے اس کی درستی کی جا سکے۔ امتحانی مراکز تک رسائی کو آسان بنانے کے لیے اس سال کے ہال ٹکٹ پر ایک خصوصی کیو آر کوڈ بھی درج کیا گیا ہے، جسے اسکین کر کے مرکز کا مقام معلوم کیا جا سکتا ہے۔ مزید سہولت کے طور پر بورڈ کی جانب سے رجسٹرڈ موبائل نمبروں پر ایس ایم ایس کے ذریعے براہ راست ڈاؤن لوڈ ربط بھی بھیجا جا رہا ہے، تاکہ طلبہ اپنے موبائل فون پر ہال ٹکٹ حاصل کر سکیں۔